

NYC HEALTH+ HOSPITALS

## تمام لوگوں کے لیے ویکسین

# بچوں کے لیے COVID-19 کی ویکسی نیشن

## والدین اور دیکھ بھال فراہم کنندوں کے لیے عام طور پر پوچھے جانے والے سوالات

### میں اپنے بچے کے لیے COVID-19 کی ویکسین کیسے حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟

آپ کے بچے کے لیے COVID-19 کی ویکسین حاصل کرنے کے چند طریقے ہیں۔ طب اطفال کی ویکسی نیشنس کی اپائنٹمنٹس کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ آپ اپائنٹمنٹ لے سکتے/سکتی ہیں بذریعہ:

+ اپنے بچے کے ڈاکٹر سے رابطہ کرکے
+ اس نمبر پر کال کرکے 1-877-VAX-4NYC (1-877-829-4692)
+ یہاں پر NYC Vaccine Finder vaccinefinder.nyc.gov کو استعال کرتے ہوئے، جس میں فارمیسیز،پڑوس میں موجود صحت کے مراکز، شہر کی جانب سے چلائی جانے والی ویکسین کلینکس اور گشتی ویکسین وینز اور بسیں شامل ہیں۔
+ یہاں پر forms.cityofnewyork.us/f/home گھر پر ویکسین کی درخواست کرکے۔ طب اطفال کی ویکسی نیشنس کی اپائنٹمنٹس کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ محدود پیمانے پر واک ان بھی قبول کئے جاتے ہیں۔ براہِ مہربانی اپنے بچے کی ویکسین کی اپائنٹمنٹ یہاں پر طے کریں covid19.nychealthandhospitals.org/COVIDVaxEligibility اور اگر آپ کو طب اطفال کی ویکسین کی دستیابی کے بارے میں کوئی سوالل پوچھنا ہے تو ہمارے اسپتالوں میں کہیں سے بھی پوچھ لیں۔

کہاں ویکسین کروانی ہے، اس کی مزید معلومات کے لیے جائیں یہاں پر vaccinefinder.nyc.gov یا کال کریں 877-829-4692۔

### 5 برس سے کم عمر بچوں کے لیے NYC Health + Hospitals کون سی ویکسین پیش کرتی ہے؟

NYC Health + Hospitals کی جانب سے 6 ماہ سے لے کر 4 برس تک کی عمر کے بچوں کے لیے COVID-19 کی Pfizer ویکسین پیش کی جاتی ہے۔

### میرے بچے کو COVID-19 کی ویکسین کیوں کروانی چاہیئے؟

بچوں کے لیے COVID-19 خطرناک ثابت ہوسکتی ہے اور ان کو شدید بیمار کرسکتی ہے۔ شدید بیمار بچوں کو اسپتال میں دیکھ بھال کی ضرورت پڑ سکتی ہے یا ان کو صحت کے طویل مدتی مسائل کا سامنا ہوسکتاہے، جن میں پٹھوں میں درد یا سانس لینے میں دشواری اور حتیٰ کہ موت بھی واقع ہوسکتی ہے۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں بچوں کی اموات کے 10 بڑے اسباب میں سے ایک COVID-19 بھی ہے۔ اپنے بچوں کو COVID-19 تحفظ فراہم کرنے کا سب سے بہترین طریقہ ان کو ویکسین کروانا ہے۔

6 سے 17 برس کی عمر کے درمیان بچوں میں COVID-19 سے پیدا ہونے والی بیماری کو روکنے میں سب سے زیادہ محفوظ اور مؤثر طریقہ ویکسین ہی ہے۔ جن بچوں نے ویکسین کروا رکھی ہوتی ہے ان میں COVID-19 سے بیمار پڑنے اور اس کو آگے پھیلانے کا امکان کم ہوتاہے۔ COVID-19 سے آپ کے بچے کو ویکسین کروانے سے آپ کے خاندان اور کمیونٹی کو بھی تحفظ حاصل ہوتاہے۔

جاری ◄

## کیا چھوٹے بچوں کے لیے COVID-19 کی ویکسین محفوظ ہے؟

جی ہاں! Pfizer کی COVID-19 کی ویکسین کو 6 سے 17 برس کے ہزاروں بچوں پر آزمایا جاچکا ہے اور یہ انتہائی محفوظ اور مؤثر ہے۔ ان میں سے کسی بچے میں کسی قسم کے سنجیدہ ضمنی اثرات ظاہر نہیں ہوئے۔

یو۔ایس فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن نے آزمائش کے اس پورے عمل کو قریب سے دیکھا تھا۔ دی سینٹر فار ڈزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن اور دیگر ماہرین COVID-19 ویکسین لگوانے والے بچوں می تحفظ کے حوالے خدشات کی نگرانی جاری رکھے ہوئے ہیں۔

## میرے بچے کو COVID-19 سے مکمل تحفظ حاصل کرنے کے لیے کتنی خوراکوں کی ضرورت پڑے گی؟

6 ماہ سے لے کر 4 برس تک کی عمر کے بچوں کو COVID-19 کی Pfizer ویکسین کی تین خوراکیں لگوائی جائیں۔ پہلی اور دوسری خوراک کے درمیان تین ہفتے کا وقفہ رکھا جائے، اور دوسری اور تیسری خوراک کے درمیان آٹھ ہفتے کا وقفہ رکھا جائے۔

5 سے 11 برس کے درمیان بچوں کو تین ہفتوں کے وقفے سے COVID-19 کیPfizer ویکسین دو خوراکیں لگوائی جائیں۔ دوسری خوراک کے دو ہفتوں بعد آپ کے بچے کو مکمل طور پر محفوظ سمجھا جائے گا۔ 5 برس یا اس سے بڑی عمر کے ایسے بچے جن کا مدافعتی نظام کمزور ہے ان کو Pfizer کی اپنی بنیادی سیریز کی دوسری خوراک (مجموعی طور پر 3 خوراکیں) کے کم از کم 28 دن بعد اضافی خوراک لگوانی چاہیئے۔

## کیا بچوں کے لیے جو COVID-19 کی ویکسین ہے دوسرے لوگوں کے لیے بھی وہی ویکسین ہے؟

6 ماہ سے 4 برس کی عمر کے درمیان بچوں کے لیے COVID-19 کی Pfizer ویکسین 3 مائکروگرام ہے، یہ نوعمر بالغان اور بالغ افراد کی مقدار کا ایک تہائی ہے۔ 5 سے 11 برس کی عمر کے بچوں کے لیے COVID-19 کی Pfizer ویکسین 10 مائکروگرام ہے، یہ نوعمر بالغان اور بالغ افراد کی مقدار کا ایک تہائی ہے۔ محققین نے پایا کہ اس کم خوراک سے چھوٹے بچوں میں ضمنی اثرات بہت کم ظاہر ہوتے ہیں اور COVID-19 سے بچاؤ کے لیے یہ زیادہ خوراک جتنی ہی مؤثر ہے۔

## کیا COVID-19 کی ویکسین سے میرے بچے میں ضمنی اثرات ظاہر ہوسکتے ہیں؟

6 ماہ سے 17 کی برس کی عمر کے درمیان بچوں میں COVID-19 سے پیدا ہونے والے ضمنی اثرات عموماً ہلکے ہوتے ہیں۔ یہ ضمنی اثرات اتنے عام یا تکلیف دہ نہیں ہوتے جتنے یے نو بالغان یا بالغ افراد میں ہوتے ہیں۔ ویکسین کرواتے ہوئے بچوں کو تھوڑا سا درد ہوسکتاہے، جیسا کہ باقی تمام ویکسین لگواتے ہوئے ہوتا ہے۔ اس کے بعد ان کے بازو میں سوجن ہوسکتی ہے اور وہ تھکاوٹ یا بے چینی محسوس کرسکتے ہیں، ان میں سردرد یا بخار بھی ہوسکتا ہے۔ یہ ساری اس بات کی علامت ہوتی ہیں کہ ان کے جس میں COVID-19 کے خلاف تحفظ بن رہا ہے۔ ضمنی اثرات ایک یا دو دن میں ختم ہوجاتے ہیں۔

## کیا COVID-19 کروانے کے بعد میرے بچے میں صحت کے مسائل کا خطرہ ہوسکتاہے، مثال کی طور پر دل کے مسائل وغیرہ؟

Pfizer کی COVID-19 کی ویکسین سے صحت کے طویل مدتی مسائل پیدا ہونے کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ COVID-19 کی ویکسین کروانے والے 5 سے 11 برس کی عمر کے بچوں میں دل کی سوزش کا خطرہ انتہائی کم ہے، تاہم کلینکل آزمائشوں میں 5 سے 11 برس کی عمر کے بچوں میں دل کی سوزش کا کوئی بھی معاملہ سامنے نہیں آیا ہے۔ 12 سے 17 برس کے نوعمر بالغان میں اس طرح کے چند معاملات دیکھے گئے تھے، ان میں سے زیادہ تر ہلکی نوعیت کے تھے اور نسخہ پر لکھی جانے والی دوا اور آرام سے ٹھیک ہو گئے۔ درحقیقت، اگر آپ کا بچہ COVID-19 کے باعث بیمار پڑ جائے تو اس میں طویل مدتی دل کے مسائل پیدا ہونے کا خطرہ زیادہ ہے۔

## کیا COVID-19 کی ویکسین سے میرے بچے کے بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت پر کوئی اثر پڑے گا؟

Pfizer کی COVID-19 کی ویکسین سے بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت کے مسائل پیدا ہونے کا کوئی ثبوت موجود نہیں ہے۔ دی سینٹر فار ڈزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن اور صحت کے دیگر ماہرین بھی سفارش کرتے ہیں کہ وہ لوگ جو بچہ پیدا کرنا چاہتے ہیں وہ ویکسین کروائیں۔

## میرے بچے کو COVID-19 لگ چکی ہے اور اب وہ ٹھیک ہے۔ تو کیا میں پھر بھی اس کو ویکسین کرواؤں؟

Pfizer کی COVID-19 کی ویکسین تمام اہل بچوں کے لیے سفارش کی جاتی ہے، چاہے اس بچے کو COVID-19 پہلے لگ چکی ہو یا نہیں۔ تحقیق سے پتہ چلتا COVID-19 سے صحت یاب ہونے والوں کے مقابلے میں ویکسین کروانے والے افراد کو زیادہ تحفظ حاصل ہوتاہے۔ ہمیں تاحال یہ بھی علم نہیں ہے کہ COVID-19 سے صحت یاب ہونے کے بعد کتنے عرصے تک تحفظ حاصل رہتاہے۔ آپ کے بچے کو COVID-19 سے تحفظ فراہم کرنے کا سب سے بہترین طریقہ ویکسین کروانا ہے۔

## میرا بچہ جلد 12 برس کا ہوجائے گا۔ کیا مجھے اس کو زیادہ خوراک والی ویکسین لگوانے کے لیے انتظار کرنا چاہیئے؟

ہمارا مشورہ ہے کہ آپ اپنے بچے کوجلد ازجلد ویکسین کروائیں۔

## اگر ویکسین کی پہلی خوراک لیتے وقت میرے بچے کی عمر 4 برس تھی اور دوسری اور تیسری خوراک لینے سے پہلے اس کی عمر 5 برس ہوجائے یا اس کی عمر پہلی خوراک لیتے وقت اس کی عمر 11 برس تھی اور دوسری خوارک لینے سے پہلے اس کی عمر 12 برس ہوگئی تو کیا وہ زیادہ خوراک لے گا؟

جی ہاں۔ ویکسین کی خوراک ویکسین کرواتے وقت آپ کے بچے کی عمر کی بنیاد پر ہوگی، تاہم کم خوراک کا انتخاب کرنے میں لچک ہے۔

جاری ◀

## کیا میرا بچہ دیگر ویکسینز، مثلاً فلو کے ٹیکے کے ساتھ COVID-19 کی ویکسین لگوا سکتا ہے؟

جی ہاں۔ دی سینٹر فار ڈزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن سفارش کرتا ہے کہ COVID-19 کی ویکسین اور دیگر ویکسینز، بشمول فلو کا ٹیکہ ایک ہی وقت میں لگوائے جا سکتے ہیں۔ ان ویکسینز کے درمیان کسی انتظار کی ضرورت نہیں ہے۔

## کیا مکمل ویکسین کروانے کے بعد بھی میرے بچے کو COVID-19 لگ سکتی ہے؟

مکمل ویکسین کروانے کے بعد اگر آپ کے بچے کو COVID-19 پیدا کرنے والا وائرس لگتا ہے، تو اس سے ان کے بیمار پڑنے کا امکان بہت کم ہے۔ تاہم، بیماری کو روکنے،اسپتال میں دیکھ بھال حاصل کرنے اور طویل مدتی پے چیدگیوں اور موت سے بچاؤ کے سلسلے میں ویکسین انتہائی مؤثر ہے۔ اگر آپ کا بچہ مکمل طور پر ویکسین شدہ ہے تو اس بات کا امکان بھی بہت کم ہے کہ وہ وائرس پھیلانے کا باعث بنیں۔

## کیا اسکول جانے کے لے میرے بچے کو COVID-19 کی کروانا لازمی ہے؟

آپ کے بچے اور اس کے ساتھ پڑھنے والے دیگر بچوں کی صحت کے لیے ہمارا مشورہ ہے کہ آپ کا بچہ COVID-19 کے خلاف ویکسین کروالے۔ اس وقت سرکاری اسکولوں میں جانے کے لیے ویکسین کروانا لازمی نہیں ہے۔ نجی اسکول، ڈے کیئر اور کیمپ وغیرہ میں یہ لازمی ہے، لہٰذا بہتر یہی ہے کہ اپنے فراہم کنندہ سے معلوم کرلیں۔ COVID-19 کی ویکسین کروالینے کے بعد آپ کے بچے کے لیے کلاس روم میں، اسکول کے بعد کی سرگرمیوں اور اسپورٹس وغیرہ میں شرکت کرنا اور دوستوں کے ساتھ گھومنا پھرنا زیادہ محفوظ ہوجائے گا۔

## کیا بوسٹر کے ٹیکے بچوں کے لیے بھی تجوزی کئے جاتے ہیں؟

اس وقت 5 برس اور اس سے بڑی عمر کے تمام افراد کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ بوسٹر کا ٹیکہ لگوائیں۔ 5 سے 17 برس کی عمر کے درمیان ایسے افراد جنہوں نے پانچ ماہ یا اس سے زیادہ عرصہ پہلے اپنی بنیادی سیریز میں Pfizer کے ٹیکے لگوائے تھے وہ اس وقت صرف Pfizer کا ہی بوسٹر ٹیکہ لگوانے کے اہل ہیں۔ کمزور مدافعت رکھنے والے بعض 5 سے 11 برس کی عمر کے درمیان بچے اپنے دوسرے ٹیکے کے 28 دنوں کے بعد Pfizer ویکسین کی دوسری اضافی خوراک لگوا سکتے ہیں۔ 5 برس یا اس سے بڑی عمر کے ہر اس فرد کو جس کا مدافعتی نظام کزور ہے اپنی Pfizer کی COVID-19 کی ویکسی نیشن سیریز کی اضافی خوراک لگوانے کے کم از کم 3 ماہ بعد بوسٹر کا ٹیکہ لگوانا چاہیئے (مجموعی طور پر 4 خوراکیں)۔ مزید معلومات کے لیے اپنے بچے کے بنیادی دیکھ بھال فراہم کنندہ ڈاکٹر سے بات کریں۔

## میرے بچے کا مدافعتی نظام کمزور ہے۔ کیا COVID-19 اس کو تحفظ فراہم کرے گی؟

دی سینٹر فار ڈزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن کمزور مدافعتی نظام والوں کے لیے Pfizer ویکسین کی سفارش کرتاہے، کیوں کہ COVID-19 کے باعث ان افراد کے بیمار پڑنے کا امکان بہت زیادہ ہوتاہے۔ حتیٰ کہ ویکسین کروالینے کے بعد بھی، ویکسین کرانے والے دیگر لوگوں کے مقابلے میں کمزور مدافعتی نظام والے افراد کو کم تحفظ حاصل ہوتاہے۔ کمیونٹی میں جب زیادہ لوگ ویکسین کروا لیتے ہیں تو اس صورت میں کمزور مدافعت رکھنے والے افراد، بشمول بچوں کو COVID-19 کے خلاف زیادہ بہتر تحفظ حاصل ہوتا ہے۔ یہ سبب ہے کہ نیویارک کے زیادہ سے زیادہ باشندوں کے لیے ویکسین کروانا اہم ہے۔ کمزور مدافعت رکھنے والے بعض 5 سے 11 برس کی عمر کے درمیان بچے اپنے دوسرے ٹیکے کے 28 دنوں کے بعد Pfizer ویکسین کی دوسری اضافی خوراک لگوا سکتے ہیں۔

NYC HEALTH+ HOSPITALS

Published: 6/23/2022
Urdu